NYC Buildings

# اکیلے بیت الخلاء کے سائن

## اکیلا بیت الخلاء کیا ہوتا ہے؟

اکیلا بیت الخلاء ایک ایسا بیت الخلاء یا ریسٹ روم ہوتا ہے جو ایک وقت میں صرف ایک ہی شخص کے زیر استعمال آ سکتا ہے۔

## بیت الخلاء کا لاصنفی سائن کیا ہوتا ہے اور اس کی ضرورت کب پڑتی ہے؟

بیت الخلاء کا لاصنفی سائن یہ بتاتا ہے کہ بیت الخلاء کسی بھی صنف کے فرد کے زیر استعمال آ سکتا ہے۔ بیت الخلاء کا لاصنفی سائن اکیلے بیت الخلاء کے لیے لازمی چاہیئے ہوتا ہے۔ یہ تقاضا 2016 کے مقامی قانون 79 کے تحت نافذ کیا گیا۔

## 2016 کا مقامی قانون 79 کیا ہے؟

- یہ قانون تقاضا کرتا ہے کہ اکیلے بیت الخلاء کے حامل تمام کاروباری ادارے ایسے بیت الخلاء کو ہر صنف کے افراد کے لیے دستیاب بنائیں۔
- یہ قانون موزوں لاصنفی سائن کے لگانے اور اس کی دیکھ بھال کرنے کے علاوہ، اکیلے بیت الخلاء میں بناوٹ کی کسی قسم کی تبدیلیوں **کا تقاضا نہیں کرتا۔**

## کون سے لاصنفی سائن موزوں ہوتے ہیں؟

اگرچہ محکمہ کسی مخصوص سائن کا متقاضی نہیں ہے، تاہم مندرجہ ذیل موزوں ہوں گے

**Signage Example**

## لاصنفی سائن کہاں لازمی لگائے جائیں؟

لاصنفی نشانات اکیلے بیت الخلاء کے دروازے کے ساتھ دیوار پر لگائے جا سکتے ہیں۔

## شکایت درج کروانا

موزوں لاصنفی نشانات کے بغیر اکیلے بیت الخلاء کے بارے میں اطلاع نیویارک سٹی کے 311 شکایت نظام کو https://www1.nyc.gov/311/ پر یا **311** پر کال کر کے دی جا سکتی ہے۔